© rasailojaraid.com



الحاج عبدالکریم صابر
ڈیرہ اسمٰعیل خان

# نعت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

ہو کیسے نعت کے لئے طبعِ سلیم بند
ہوگا نہ حق تعالیٰ کا لطفِ عمیم بند

جاری رہے گا حشر تک رحمت کا سلسلہ
ہوگی کبھی نہ رحمتِ ربِّ کریم بند

فیضِ درِ حضور بھی ہوگا یوں ہی مدام
ہوگا کبھی نہ فیضِ رؤف الرحیم بند

حرفوں میں ایسے مخفی ہوں نازک خیالیاں
غنچے میں جیسے ہوتی ہے بوئے شمیم بند

حق نے بڑے پیار سے رکھا ازل سے تھا
جوفِ صدفِ خصوصی میں دُرِّ یتیم بند

یاں لامکاں پہ دیکھ کے جھپکی ذرا نہ آنکھ
واں طور پر بھی ہوگئی چشمِ کلیم بند

فردوس کی ہوائیں بھی اس پر نثار ہوں
یارب نہ ہو مدینے کی بادِ نسیم بند

ختم الکتب اتار کے ختم الرسول پر
حق نے کیا ہے سلسلہ وحی قدیم بند

پھر جب تلک نہ دیکھ لوں روضہ رسول کا
ہونے نہ پائے آنکھ غفور الرحیم بند

ہو وقت مرگ سامنے صورت حضور کی
یارب ہو جب بھی دیدۂ عبدالکریم بند

پڑھ لوں درود و کلمہ نہ جب تک دمِ وصال
ہونے نہ پائے سانس غفور الرحیم بند

صابر کا ذوقِ نعت فزوں تر رہے مدام
تا زیست ہو نہ آمدِ طبعِ سلیم بند

مومنین
اہل سنت و الجماعت کے لیے
ایک عظیم علمی تحفہ
کتاب نماز پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
قیمت ۰۰/۴۲ روپے

- جس میں مسائل قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور آثار صحابہ سے
- پیغمبر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی نماز کی واضح علمی تصویر
- مستند ماخذ، علمی سرمایہ، عام فہم اندازِ بیان، دلکش ترتیب۔
- اردو خواں حضرات کیلئے مدنی تحفہ، جس کی افادیت مسلمہ ہے۔
- امام ابوحنیفہ کی علمی عظمت، فلسفیانہ اندازِ استدلال اور سنت سے والہانہ وابستگی کی ایک جھلک۔

ہر اچھے بک سٹال سے یا براہ راست ہم سے طلب کریں

سُنّی پبلی کیشنز پوسٹ بکس نمبر ۷۶۶ لاہور

تقدیم الشیخ محمد شفیق اسعد

تالیف الشیخ ... مدینہ منورہ

© rasailojaraid.com